No. LLLO/920-25
Dt: 24-04-20

پرنسپل آفیسر پی۔آر۔پی،
زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔

**بعنوان: نوٹس برائے نیلامی سرسوں**

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد پر 100,000 کلوگرام (2500 من) سرسوں کا نیلام عام مورخہ 19 مئی 2020 بوقت 11 بجے صبح کیا جائے گا۔

بولی دہندگان کو مندرجہ ذیل قوانین و شرائط پر عمل کرنا ہوگا:۔

1۔ بولی سے قبل شناختی کارڈ کی کاپی فراہم کرنا لازم ہوگا۔
2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ -/50,000 روپے بطور زرضمانت (قابل واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہوں گے۔
3۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ انکم ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔
4۔ کامیاب بولی دہندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد 7 دن کے اندر اندر زرعی جنس اٹھانی ہوگی۔ تمام واجبات اور گورنمنٹ ٹیکس کی رقم کی وصولی کے بعد نیلام کی گئی زرعی جنس اٹھانے / لے جانے کی اجازت ہوگی۔
5۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔
6۔ تمام بولی دہندگان کے لئے کرونا وائرس کے متعلق احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا انتہائی ضروری ہوگا۔

نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ کو بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 02 جون 2020 بوقت 11 بجے صبح منعقد ہوگی اگر بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو بھی بولی دوبارہ پھر 09 جون 2020 بوقت 11 بجے صبح منعقد ہوگی۔

برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز اور نیشنل پریس (اردو اخبار) میں مشتہر کریں۔

24/4/2020
ڈاکٹر تسلیم خالق، لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر / کنوینر آکشن کمیٹی،
جامعہ زرعیہ، فیصل آباد (فون نمبر: 041-9201203)

کاپی برائے اطلاع و مناسب کارروائی:۔

1۔ سپرنٹنڈنٹ پارس / ممبر آکشن کمیٹی
2۔ اکاؤنٹس آفیسر، پنشن اینڈ فنڈ / ممبر آکشن کمیٹی
3۔ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول سے درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس PPRA ویب سائٹ پر Upload کروا دیں۔
4۔ ڈائریکٹر آئی ٹی درخواست کی جاتی ہے کہ درج بالا نیلامی نوٹس زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی آفیشل ویب سائٹ پر Upload کروا دیں۔
5۔ آفس اسسٹنٹ، ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی، فیصل آباد۔